**Cambridge International Examinations**
Cambridge International Advanced Level

**URDU** **9676/04**

Paper 4 Texts **October/November 2016**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

## READ THESE INSTRUCTIONS FIRST

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, glue or correction fluid.
DO **NOT** WRITE IN ANY BARCODES.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may **not** take set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

**جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیجیے۔**

اگر آپ کو جوابی پرچہ مہیا کیا گیا ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔

اپنا نام سنٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر جوابی پرچے پر لکھیے۔

گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے لکھیے۔

اسٹیپل، پیپر کلپ، ہائی لائیٹر، گوند، کریکشن فلوئڈ کا استعمال مت کیجیے۔

کسی بھی بار کوڈ پر کچھ نہ لکھیے۔

کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے۔

آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے میں سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے جوابات مہیا کیے گئے جوابی پرچے میں **اردو** میں لکھیے۔

آپ کا ہر جواب 500 سے 600 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔

لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

**کمرۂ امتحان میں نصابی کتابیں لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔**

آپ کو اپنے جوابات کے درمیان یکساں طور پر اپنے وقت کو تقسیم کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

امتحان کے آخر میں تمام جوابی پرچوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیجیے۔

اس پرچے میں دیے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

DC (ST/CGW) 136628
© UCLES 2016

CAMBRIDGE International Examinations

[Turn over

https://xtremepape.rs/

## پہلا حصہ

**1** غزلیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(a)

ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے
نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
چشمِ دل کھول اس بھی عالم پر
یاں کی اوقات خواب کی سی ہے
بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے
میرؔ ان نیم باز آنکھوں میں
ساری مستی شراب کی سی ہے
میرؔ

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) میر تقی میرؔ کی زبان سادہ اور پاکیزہ ہے۔ مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔ [25]

یا

(b) خواجہ میر دردؔ کی شاعری تصوف اور معرفت کی شاعری ہے مگر جب وہ خالص مجازی رنگ کے شعر کہتے ہیں تو لطف ہی دوبالا ہو جاتا ہے۔ اشعار کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔ [25]



https://xtremepape.rs/

2 نظمیں

سوال (a) اورسوال (b) میں سے ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(a)

ان گنت لوگوں نے دنیا میں محبت کی ہے
کون کہتا ہے کہ صادق نہ تھے جذبے ان کے
لیکن ان کے لیے تشہیر کا سامان نہیں
کیونکہ وہ لوگ بھی اپنی ہی طرح مفلس تھے

یہ عمارات و مقابر یہ فصیلیں یہ حصار
مطلق الحکم شہنشاہوں کی عظمت کے ستوں
سینۂ دھر کے ناسور ہیں ، کہنہ ناسور
جذب ہے ان میں ترے اور مرے اجداد کا خوں

میری محبوب! انہیں بھی تو محبت ہوگی
جن کی صناعی نے بخشی ہے اسے شکل جمیل
ان کے پیاروں کے مقابر رہے بے نام ونمود
آج تک ان پہ جلائی نہ کسی نے قندیل
(ساحرؔ)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) کیا بادشاہوں اور امیروں کی محبت سچی نہیں ہوتی؟ نظم تاج محل کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔ [25]

یا

(b) فیضؔ ایک رومانی، انقلابی یا سیاسی شاعر؟ اشعار کے حوالے سے اپنی رائے کا تفصیل سے اظہار کیجیے۔ [25]



https://xtremepape.rs/

3 نظمیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(a)

خورشید، وہ دیکھو ڈوب گیا، ظلمت کا نشاں لہرانے لگا
مہتاب،وہ ہلکے بادل سے، چاندی کے ورق برسانے لگا
وہ سانولے پن پر میداں کے، ہلکی سی صباحت دوڑ چلی
تھوڑا سا ابھر کر بادل سے، وہ چاند جبیں جھلکانے لگا
لو، ڈوب گیا پھر بادل میں، بادل میں وہ خط سے دوڑ گئے
لو، پھر وہ گھٹائیں چاک ہوئیں، ظلمت کا قدم تھرانے لگا
بادل میں چھپا،تو کھول دیے، بادل میں دریچے ہیرے کے
گردوں پہ جو آیا، تو گردوں، دریا کی طرح لہرانے لگا
سمٹی جو گھٹا، تاریکی میں چاندی کے سفینے لے کے چلا
سنکی جو ہوا، تو بادل کے گرداب میں غوطے کھانے لگا
(جوشؔ)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) جوشؔ ملیح آبادی کو قادرالکلام شاعر کہا جاتا ہے۔کیا مندرجہ بالا نظم اس بات کی نمائندگی کرتی ہے؟تفصیل سے لکھیے۔ [25]

یا

(b) نصاب میں شامل ن م راشد کی کون سی نظم آپ کو زیادہ پسند ہے؟ وجوہات دے کر اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔ [25]



https://xtremepape.rs/

## دوسرا حصہ

**4** امراؤ جان ادا، مرزا رسوا

**(a)** امراؤ جان ادا کا قصہ حقیقت سے بالکل قریب نہیں ہے۔ بحث کیجیے۔ [25]

یا

**(b)** ناول امراؤ جان ادا کے کس پہلو نے آپ کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہے؟ اپنے خیالات کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔ [25]

**5** افسانے

**(a)** مسائل صرف غریب طبقے میں نہیں بلکہ امیر طبقے میں بھی ہوتے ہیں۔ افسانہ نظارہ درمیاں ہے کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔ [25]

یا

**(b)** افسانہ مہالکشمی کا پل پڑھنے والا ہر لمحہ یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ اس معاشرے کے اندر سانس لے رہا ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے؟ [25]

**6** انارکلی، امتیاز علی تاج

**(a)** ڈرامہ انارکلی کا ہر کردار اکبر سے متصادم نظر آتا ہے۔ بحث کیجیے۔ [25]

یا

**(b)** کیا آپ کی رائے میں دلآرام اکبر کو بیوقوف بنانے میں کامیاب ہو جاتی ہے یا نہیں؟ تفصیل سے لکھیے۔ [25]



https://xtremepape.rs/

**BLANK PAGE**



https://xtremepape.rs/

BLANK PAGE

© UCLES 2016 

https://xtremepape.rs/

**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge International Examinations Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cie.org.uk after the live examination series.

Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.



https://xtremepape.rs/